© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

- پسماندہ اضلاع کے سکولوں میں، طالبات کو لنچ فراہم کرنے کا منصوبہ (ایک خبر)

احمقوں کی جنت اور کسے کہتے ہیں؟

- فرنٹ لائن سٹیٹ ہونے کے باوجود پاکستان کو کوئی ریلیف نہیں دیا گیا۔ (شوکت عزیز)

اوہدیاں......او جانے......تو بھُن دانے!

- زہریلی شراب پینے سے ایک شخص ہلاک (ایک خبر)

شر۔آب ''شر والا پانی''

- مظاہرے اور نعرے بازی سے ایوان کا تقدس مجروح ہوا۔ (شیخ رشید)

اشکے بھئی اشکے! آئینۂ ایام میں آپ اپنی ادا دیکھ

- جنگ پر اُتر آئے تو فرانس، جرمنی سمیت کوئی بھی ہمارا راستہ نہیں روک سکتا۔ (بش)

اک تو ہی نا خدا نہیں ظالم! خدا بھی ہے

- حکومت اور اپوزیشن، پیر تک بتائیں، ایوان چلانا ہے یا نہیں؟ (سپیکر چودھری امیر حسین)

کوئی بے بسی سی بے بسی ہے!

- ایل ایف او پر، صدر کو اعتماد میں لیے بغیر بات نہیں کر سکتے (چودھری شجاعت)

یہ دستور زباں بندی ہے کیسا تیری محفل میں؟ یہاں تو بات کرنے کو ترستی ہے زباں میری

- حکومت نے خواتین کا مستقبل خود ان کے ہاتھ میں دے دیا۔ (مشرف)

صرف پچھلے سال، 637 خواتین قتل، 687 سے زیادتی، 2190 خواتین کاروکاری کی نذر ہوئیں۔

- حکومت اپوزیشن مذاکرت ناکام۔ اسمبلی میں پھر ہنگامہ (ایک خبر)

چھیڑ خوباں سے چلی جائے اسد!

- امریکہ ہم سے حمایت چاہتا ہے مگر عوام خلاف ہیں۔ (پرویز مشرف)

عوام تو افغانستان میں امریکا کی حمایت کے بھی خلاف تھے!

- اقتدار کی خواہش نہیں۔ (شہباز)

ہتھ نہ پہنچے، تھوہ کوڑی!


© rasailojaraid.com